# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے سلک بینک لمیٹڈ (بینک) کا غیر معمولی اجلاسِ عام مورخہ 30 نومبر، 2018 کو بوقت صبح 10:30 بجے، بمقام سیرینا ہوٹل، اسلام آباد میں منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی اُمور:**

1۔ مورخہ 30 مارچ، 2018 کو منعقد شدہ، بینک کے 24 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

**خصوصی اُمور:**

1۔ غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو بینک کا شیئر کیپیٹل جو قانونِ عدالت کی تصدیق سے مشروط ہے، میں کمی کو منظور کرنا اور بینک کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن (MoA) اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (AoA) کی لازمی تبدیلیوں کو کسی تبدیلی کے ساتھ یا بغیر، مندرجہ ذیل قراردادوں کو بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا۔

''منظور کیا گیا کہ بینک کے منظور شدہ شیئر کیپیٹل، جو 10,500,000,000 عام شیئرز میں تقسیم ہیں اور ہر شیئر کی قیمت 10 روپے ہے، ان کی قیمت میں 105,000,000,000 روپے سے 25,000,000,000 روپے تک کمی ہوئی، کم کردہ قیمت کے یہ شیئرز 2,500,000,000 عام شیئرز میں تقسیم ہیں اور ہر شیئر کی قیمت 10 روپے ہے۔''

''منظور کیا گیا کہ بینک کے ادا شدہ شیئر کیپیٹل کو موجودہ عام شیئرز کے ساتھ ہر لحاظ سے مساوی کرنے کے لیے 7,824,489,200 عام شیئرز کو منسوخ کیا گیا جس میں ہر شیئر کی قیمت 10 روپے کی معمولی مالیت کی ہے۔ اس منسوخی کے ذریعے ادا شدہ شیئر کیپیٹل جو 9,081,861,200 عام شیئرز میں تقسیم ہیں اور ان میں ہر شیئر کی قیمت 10 روپے ہے، کی قیمت میں 90,818,612,000 روپے سے 12,573,720,000 روپے تک کی کمی کی گئی۔ کم کردہ قیمت کے شیئرز 1,257,372,000 عام شیئرز میں تقسیم ہیں جن میں ہر شیئر کی قیمت 10 روپے ہے۔''

''منظور کیا گیا کہ بینک کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V کو مندرجہ ذیل کے تحت تبدیل کیا گیا:

''بینک کا کیپیٹل 25,000,000,000 روپے (پچیس بلین روپے) ہے اور یہ 2,500,000,000 (دو بلین اور پانچ سو ملین) عام شیئرز میں تقسیم ہیں جن میں سے ہر شیئر کی قیمت 10 روپے (دس روپے) ہے معہ کمپنی کے ضابطوں میں وقتی طور پر فراہم کردہ منسلکہ حقوق، رعایات اور شرائط، جن کے ذریعے وقتی طور پر کیپیٹل کو بڑھانے یا گھٹانے اور کیپیٹل میں شیئرز کی کئی درجہ بندیوں میں ذیلی تقسیم کرنے کا اختیار حاصل ہے، تاہم، کہ عام شیئرز کی مختلف درجہ بندیوں کے درمیان حقوق، اگر کوئی ہیں، کیونکہ منافع، ووٹس اور دیگر فوائد کو شیئرز کی ادا شدہ قیمتوں کے متناسب ہونا چاہیئے۔''

''منظور کیا گیا کہ بینک کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 4 کو مندرجہ ذیل کے تحت تبدیل کیا گیا:

''کمپنی کا منظور شدہ کیپیٹل 25,000,000,000 روپے (پچیس بلین روپے) ہے جو کہ 2,500,000,000 (دو بلین اور پانچ سو ملین) عام شیئرز میں تقسیم ہے جس میں ہر شیئر 10 روپے (دس روپے) مالیت کا ہے۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً اپنے کیپیٹل کو بڑھائے یا گھٹائے اور وقتی طور پر کیپیٹل میں شیئرز کو کئی درجہ بندیوں میں تقسیم کرے جو کہ قانونی اجازت سے مشروط ہے۔''

''کمپنی پریفرینس شیئرز جاری کرنے کی حقدار ہوگی، اس صورت میں، اس سے منسلک ہونے والے حقوق اور رعایات کی نوعیت کو کمپنیز شیئر کیپیٹل (حقوق اور رعایات میں ترامیم) رُولز 2000 کی مطابق تجویز کرنا ہوگا یا ایسے اجراء کے وقت قانون کی متعلقہ فراہمی قابلِ اطلاق ہو۔'' کمپنی کا منظور شدہ کیپیٹل 25,000,000,000 روپے (پچیس بلین روپے) ہے جو کہ 2,500,000,000 (دو بلین اور پانچ سو ملین) عام شیئرز میں تقسیم ہے اور ہر شیئر کی قیمت 10 روپے (دس روپے) ہے۔''

بینک کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ تبدیلیوں کے پیشِ نظر میمورنڈم اور آرٹیکلز کی موجودہ اور مجوزہ شقوں کو مندرجہ ذیل طریقے سے پڑھا جائے:

| میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V | نئی ترمیم شدہ شق |
|---|---|
| بینک کا کیپیٹل 105,000,000,000 روپے (ایک سو پانچ بلین روپے) ہے اور یہ 10,500,000,000 (دس بلین اور پانچ سو ملین) عام شیئرز میں تقسیم ہیں جن میں سے ہر شیئر کی قیمت 10 روپے (دس روپے) ہے معہ بینکنگ کمپنی کے ضابطوں میں وقتی طور پر فراہم کردہ منسلکہ حقوق، رعایات اور شرائط، جن کے ذریعے وقتی طور پر کیپیٹل کو بڑھانے یا گھٹانے اور کیپیٹل میں شیئرز کی کئی درجہ بندیوں میں ذیلی تقسیم کرنے کا اختیار حاصل ہے، تاہم، کہ عام شیئرز کی مختلف درجہ بندیوں کے درمیان حقوق، اگر کوئی ہیں، کیونکہ منافع، ووٹس اور دیگر فوائد کو شیئرز کی ادا شدہ قیمتوں کے متناسب ہونا چاہیئے۔ | بینک کا کیپیٹل 25,000,000,000 روپے (پچیس بلین روپے) ہے اور یہ 2,500,000,000 (دو بلین اور پانچ سو ملین) عام شیئرز میں تقسیم ہیں جن میں سے ہر شیئر کی قیمت 10 روپے (دس روپے) ہے معہ کمپنی کے ضابطوں میں وقتی طور پر فراہم کردہ منسلکہ حقوق، رعایات اور شرائط، جن کے ذریعے وقتی طور پر کیپیٹل کو بڑھانے یا گھٹانے اور کیپیٹل میں شیئرز کی کئی درجہ بندیوں میں ذیلی تقسیم کرنے کا اختیار حاصل ہے، تاہم، کہ عام شیئرز کی مختلف درجہ بندیوں کے درمیان حقوق رائٹس، اگر کوئی ہیں، کیونکہ منافع، ووٹس اور دیگر فوائد کو شیئرز کی ادا شدہ قیمتوں کے متناسب ہونا چاہیئے۔ |

| آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 4 | نیا ترمیم شدہ آرٹیکل |
|---|---|
| کمپنی کا منظور شدہ کیپیٹل 105,000,000,000 روپے (ایک سو پانچ بلین روپے) ہے جو کہ 10,500,000,000 (دس بلین اور پانچ سو ملین) عام شیئرز میں تقسیم ہے جس میں ہر شیئر 10 روپے (دس روپے) مالیت کا ہے۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً اپنے کیپیٹل کو بڑھائے یا گھٹائے اور وقتی طور پر کیپیٹل میں شیئرز کو کئی درجہ بندیوں میں تقسیم کرے، جو کہ قانونی اجازت سے مشروط ہے۔<br>کمپنی پریفرینس شیئرز جاری کرنے کی حقدار ہوگی، اس صورت میں، اس سے منسلک ہونے والے حقوق اور رعایات کی نوعیت کو کمپنیز شیئر کیپیٹل (حقوق اور رعایات میں ترامیم) رُولز 2000 کی مطابق تجویز کرنا ہوگا یا ایسے اجراء کے وقت قانون کی متعلقہ فراہمی قابلِ اطلاق ہو۔ کمپنی کا منظور شدہ کیپیٹل 105,000,000,000 روپے (ایک سو پانچ بلین روپے) ہے جو کہ 10,500,000,000 (دس بلین اور پانچ سو ملین) عام شیئرز میں تقسیم ہے اور ہر شیئر کی قیمت 10 روپے (دس روپے) ہے۔ | کمپنی کا منظور شدہ کیپیٹل 25,000,000,000 روپے (پچیس بلین روپے) ہے جو کہ 2,500,000,000 (دو بلین اور پانچ سو ملین) عام شیئرز میں تقسیم ہے جس میں ہر شیئر 10 روپے (دس روپے) مالیت کا ہے۔ کمپنی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً اپنے کیپیٹل کو بڑھائے یا گھٹائے اور وقتی طور پر کیپیٹل میں شیئرز کو کئی درجہ بندیوں میں تقسیم کرے جو کہ قانونی اجازت سے مشروط ہے۔<br>کمپنی پریفرینس شیئرز جاری کرنے کی حقدار ہوگی، اس صورت میں، اس سے منسلک ہونے والے حقوق اور رعایات کی نوعیت کو کمپنیز شیئر کیپیٹل (حقوق اور رعایات میں ترامیم) رُولز 2000 کی مطابق تجویز کرنا ہوگا یا ایسے اجراء کے وقت قانون کی متعلقہ فراہمی قابلِ اطلاق ہو۔ کمپنی کا منظور شدہ کیپیٹل 25,000,000,000 روپے (پچیس بلین روپے) ہے جو کہ 2,500,000,000 (دو بلین اور پانچ سو ملین) عام شیئرز میں تقسیم ہے اور ہر شیئر کی قیمت 10 روپے (دس روپے) ہے۔ |

''مزید منظور کیا گیا کہ بینک کے کمپنی سیکریٹری اور چیف ایگزیکٹو مشترکہ طور پر اور/ یا انفرادی طور پر مذکورہ بالا قراردادوں کی تکمیل کے مقصد کے لیے درکار تمام ایکٹس، ڈیڈز اور معاملات کو سرانجام دینے، تمام قانونی قاعدوں کی تکمیل کے لیے کوئی بھی یا تمام ضروری، ضمنی اور اتفاقی کارروائیاں کرنے، بشمول لیکن محدود نہیں، تمام مطلوبہ ضابطوں کی منظوری حاصل کرنے، تمام متعلقہ ضابطہ کاروں/ مجاز افراد کو تمام مطلوبہ قانونی فارمز/ ریٹرنز کی فائلنگ دینے اور تمام دیگر دستاویزات جو ضابطہ کاروں/ مجاز افراد کو درکار ہوں، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 89 کے تحت معزز عدالت (عدالتوں) کا حکم حاصل کرنے کے لیے تمام مطلوبہ پٹیشن کی فائلنگ کرنے جو معزز عدالت (عدالتوں) کو درکار ہوں، سابقہ کیپیٹل کے لحاظ سے کیپیٹل میں کمی کو منظور کرنے، ایسے تمام سرٹیفکیٹس، درخواستوں، نوٹسز، رپورٹس، خطوط اور کسی دیگر دستاویز یا انسٹرومنٹ جاری کرنے بشمول کسی بھی سابقہ دستاویز میں کوئی بھی ترامیم یا تبدیلی کرنے کے مجاز ہیں۔''

2۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کیے جانے والے دیگر اُمور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ،
فیض الحسن ہاشمی
کمپنی سیکریٹری

کراچی 9 نومبر، 2018

SILKBANK LIMITED

## مذکورہ بالا خصوصی کاروبار سے متعلق، کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

**بینک کے شیئر کیپیٹل میں کمی:**

سلک بینک لمیٹڈ (''بینک'') اپنے شیئر کیپیٹل میں کمی کرنے کے مرحلے میں ہے تاکہ موروثی جمع شدہ کھاتہ داری کے نقصانات اور ابتدائی رائٹ ایشوز پر منظور کردہ ڈسکاؤنٹ میں کمی کی جا سکے، جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 89 کے تحت منظوری سے مشروط ہے۔ کیپیٹل میں کمی کے باعث حاصل کردہ ادا شدہ کیپیٹل، بینک کے انڈر لائنگ ایسٹس کی قیمت کے تقریباً برابر ہو جائے گا اور نتیجتاً کیپیٹل بینک کے کاروبار میں لگا دیا جائے گا۔

جمع شدہ نقصانات اور شیئرز پر ڈسکاؤنٹ کو ختم کرنے کے لیے بینک کے بورڈ نے بینک کے مجاز اور ادا شدہ کیپیٹل میں کمی کو خصوصاً منظور کیا ہے اور شیئر ہولڈرز کو تجویز کیا ہے۔ کیپیٹل میں یہ کمی بینک کے فی شیئر بک ویلیو (BPS)، فی شیئر آمدنی (EPS) اور فی شیئر ڈیویڈنڈ (DPS) کے تناسب پر مثبت انداز میں اثر ڈالے گی اور نتیجتاً شیئر ہولڈر کی ویلیو میں اضافہ ہوگا اور کیپیٹل کی ساخت مزید مؤثر ہو جائے گی۔

جیسا کہ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس، 1962 کے سیکشن (1)14 کے تحت مطلوب ہے، بینک کا جمع شدہ اور ادا شدہ کیپیٹل اس کے مجاز کیپیٹل کے 50% سے کم نہیں ہونا چاہئے۔ سیکشن کے پروویژنز کی تکمیل کے لیے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے شیئر ہولڈرز کو بینک کے مجاز کیپیٹل میں کمی کا بھی مشورہ دیا ہے۔

ایس ای سی پی کے ایس آر او 2018/(I)423 کے مطابق مطلوبہ معلومات جو نوٹ کے ساتھ منسلک ہونا ہے، مندرجہ ذیل ہے:

| نمبر شمار | مطلوبات | معلومات |
|---|---|---|
| i | شیئر کیپیٹل میں کمی کی وجہ اور مقصد | جمع شدہ نقصانات اور شیئرز پر ڈسکاؤنٹ کو ختم کرنا ہے۔ شیئرز پر ڈسکاؤنٹ، رائٹ شیئرز کے اجراء کا نتیجہ تھا جو کہ ایسی قیمت پر جاری ہوئے جو شیئرز کی مساوی/ اصل قیمت سے کم تھی جبکہ جمع شدہ نقصانات کی وجہ پچھلے سال کے دوران نان پرفارمنگ لونز میں اضافہ تھا۔ کیپیٹل میں کمی کے باعث ادا شدہ کیپیٹل کا حصہ جو کہ زیادہ عرصہ دستیاب ایسٹس کا حصہ نہیں ہے، اس کا مجموعہ حاصل کیا جائے گا اور نتیجتاً ادا شدہ کیپیٹل، بینک کے انڈر لائنگ ایسٹس کے برابر قیمت کا ہو جائے گا اور بعد میں کیپیٹل کو بینک کے کاروبار میں لگایا جائے گا۔ کیپیٹل میں یہ کمی بینک کو اس کی بیلنس شیٹ ری۔ پروفائل کرنے میں مزید مدد دے گی۔ |
| ii | شیئر کیپیٹل میں کمی سے منسلکہ شرائط و ضوابط کی مختصر تفصیلات | مجوزہ کی عدالت کے ضابطوں اور اجازت کی منظوری سے مشروط ہوگی۔ |
| iii | منسوخ کیے جانے والے مجوزہ شیئرز کی رقم اور تعداد | |
| iv | شیئر کیپیٹل میں کمی کا اثر معہ موجودہ شیئر کیپیٹل اور منسوخی کے بعد کے شیئر کیپیٹل سے موازنہ | |
| v | کمپنی کے تازہ ترین سالانہ مالیاتی گوشواروں اور بعد کے انٹرم مالیاتی گوشواروں کے مطابق ایسٹس، لائبلیٹیز اور شیئر ہولڈر کی ایکوئٹی کی تفصیلات | |

iii:

| | مجاز کیپیٹل شیئرز کی تعداد '000' میں | ادا شدہ شیئر کیپیٹل شیئرز کی تعداد '000' میں | مجاز کیپیٹل روپے '000' میں | ادا شدہ شیئر کیپیٹل روپے '000' میں |
|---|---|---|---|---|
| منسوخ کیے جانے والے شیئر کیپیٹل | 8,000,000 | 7,824,489 | 80,000,000 | 78,244,890 |

iv:

| | مجاز کیپیٹل شیئرز کی تعداد '000' میں | ادا شدہ شیئر کیپیٹل شیئرز کی تعداد '000' میں | مجاز کیپیٹل روپے '000' میں | ادا شدہ شیئر کیپیٹل روپے '000' میں |
|---|---|---|---|---|
| شیئر کیپیٹل میں کمی سے قبل | 10,500,000 | 9,081,861 | 105,000,000 | 90,818,612 |
| شیئر کیپیٹل میں کمی کے بعد | 2,500,000 | 1,257,372 | 25,000,000 | 12,573,720 |

v:

| | 30 ستمبر، 2018 غیر آڈٹ شدہ | 31 دسمبر، 2017 آڈٹ شدہ |
|---|---|---|
| | —— روپے '000' میں —— | |
| **ایسٹس** | | |
| ٹریژری بینک کے ساتھ کیش اور بیلنسز | 9,195,407 | 8,413,176 |
| دیگر بینکوں کے ساتھ بیلنسز | 305,929 | 218,420 |
| مالیاتی اداروں کو قرض | 2,002,007 | 8,620,649 |
| سرمایہ کاری۔ خالص | 26,213,704 | 38,266,735 |
| ایڈوانسز۔ خالص | 99,435,802 | 85,850,715 |
| آپریٹنگ فکسڈ ایسٹس | 4,219,166 | 4,176,746 |
| مؤخر ٹیکس ایسٹس۔ خالص | 3,076,598 | 3,476,129 |
| دیگر ایسٹس | 16,846,865 | 17,831,962 |
| | 161,310,478 | 166,854,532 |
| **لائبلیٹیز** | | |
| واجب الادا بلز | 2,045,758 | 3,192,981 |
| قرضہ جات | 17,494,413 | 35,582,000 |
| ڈپازٹس اور دیگر اکاؤنٹس | 122,330,628 | 110,277,807 |
| ذیلی قرضہ جات | 1,999,600 | 2,000,000 |
| فنانس لیز سے مشروط ایسٹس کی لائبلیٹیز | 3,758 | 6,880 |
| مؤخر ٹیکس لائبلیٹیز | - | - |
| دیگر لائبلیٹیز | 3,110,319 | 2,613,518 |
| | 146,984,476 | 153,673,186 |
| اصل ایسٹس | 14,326,002 | 13,181,346 |

SILKBANK LIMITED

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | جو پیش کیا گیا | | |
| | | شیئر کیپیٹل | 90,818,612 | 90,818,612 |
| | | رائٹ شیئرز کے اجراء پر ڈسکاؤنٹ | (67,387,238) | (67,387,238) |
| | | ریزروز | 554,903 | 554,903 |
| | | جمع شدہ نقصان | (9,608,787) | (10,857,654) |
| | | | 14,337,490 | 13,128,623 |
| | | ایسٹس کی قیمت کی تعین نو میں خسارہ/ سرپلس ۔ مؤخر ٹیکس کا خالص | (51,488) | 52,723 |
| | | | 14,326,002 | 13,181,346 |
| vi | کمپنی کے کریڈیٹرز کی فہرست مع منسلکہ نوعیت اور رقم کی معلومات، اگر ٹھوس یا مادی | کریڈیٹرز کی کیٹیگری | | 31 دسمبر، 2017 آڈٹڈ روپے '000' میں |
| | | واجب الادا بلز | | 3,192,981 |
| | | قرضہ جات | | 35,582,000 |
| | | ڈپازٹس اور دیگر اکاؤنٹس | | 110,277,807 |
| | | ذیلی قرضہ جات | | 2,000,000 |
| | | فنانس لیز سے مشروط ایسٹس کی لائبلیٹیز | | 6,880 |
| | | دیگر لائبلیٹیز | | 2,613,518 |
| vii | معیارِ اہلیت، ریزرویشنز یا مخالف ریمارکس یا انتباہ کی مختصر تفصیلات، اگر کوئی ہوں، جو شیئر کیپیٹل کی کمی سے متعلق آڈیٹر نے اپنے آڈٹ رپورٹ میں تازہ ترین سالانہ مالیاتی گوشواروں پر بنائی ہو | کوئی نہیں | | |
| viii | ایکٹ کے تحت کمپنی سے متعلق کسی بھی زیرِ عمل معائنے، تحقیقات یا تفتیش کی تفصیلات | کوئی نہیں | | |
| ix | شیئر کیپیٹل میں کمی کی وجہ اور اثر سے متعلق ہر ڈائریکٹر کی دلچسپی کی نوعیت اور حد، اگر کوئی ہے، خواہ بلواسطہ یا بلاواسطہ | کوئی بھی ڈائریکٹر بینک کے مجاز اور ادا شدہ کیپیٹل میں کمی کی قرارداد میں دلچسپی نہیں رکھتا۔ | | |

شیئر کیپیٹل میں کمی سے قبل اور بعد، بینک کے اسپانسرز، بڑے شیئر ہولڈرز اور عوام الناس کے شیئرز کی تعداد اور متعلقہ شیئرز ہولڈنگز کا فیصد مندرجہ ذیل ہے:

| اسپانسرز، بڑے شیئر ہولڈرز اور عوام الناس | شیئر کیپیٹل میں کمی سے قبل شیئر ہولڈنگ شیئرز کی تعداد | | شیئر کیپیٹل میں کمی کے بعد شیئر ہولڈنگ شیئرز کی تعداد | |
|---|---|---|---|---|
| | شیئرز کی تعداد | % | شیئرز کی تعداد | % |
| 1۔ انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن | 702,689,067 | 7.74 | 97,286,397.37 | 7.74 |
| 2۔ نوموراایورپین انویسٹمنٹس لمیٹڈ | 356,676,342 | 3.93 | 49,381,380.71 | 3.93 |
| 3۔ بینک مسقط ایس۔اے۔او۔جی | 315,776,969 | 3.48 | 43,718,915.13 | 3.48 |
| 4۔ جناب شوکت ترین | 1,106,091,792 | 12.18 | 153,136,985.70 | 12.18 |
| 5۔ عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ | 2,563,901,924 | 28.23 | 354,968,923.11 | 28.23 |
| 6۔ جناب ذوالقرنین نواز چٹھہ | 678,126,000 | 7.47 | 93,885,672.34 | 7.47 |
| 7۔ جناب زبیر نواز چٹھہ | 415,626,000 | 4.58 | 57,542,885.03 | 4.58 |
| 8۔ بنگش اینڈ فیملی | 1,282,051,282 | 14.12 | 177,498,350.73 | 14.12 |
| 9۔ عوام الناس (بشمول انفرادی افراد اور ادارے) | 1,660,921,861 | 18.29 | 229,952,495.00 | 18.29 |
| | 9,081,861,237 | 100 | 1,257,372,005 | 100 |

SILKBANK LIMITED

# نوٹس:

## 1۔ منتقلی حصص کتب کی بندش:

بینک کی منتقلی حصص کی کتب مؤرخہ 23 نومبر، 2018 سے 30 نومبر، 2018 (بشمول دونوں ایام) بند رہے گی۔ میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی 74400 میں مؤرخہ 22 نومبر، 2018 بروز جمعرات کو کاروباری اوقات (5:00) بجے کے اختتام پر ملنے والے منتقلی حصص کو منتقل الیہ کے مندرجہ بالا استحقاق کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

## 2۔ اجلاس میں شرکت:

بینک کے تمام ممبران اجلاس میں شرکت کے اہل ہیں اور اپنا ووٹ ذاتی طور پر یا بذریعہ پراکسی دے سکتے ہیں۔ باقاعدہ مقرر کی گئی پراکسی کو اجلاس کے دوسرے ممبران کی طرح اجلاس میں بولنے اور ووٹنگ کا اختیار حاصل ہوگا۔ پراکسیز کو اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ممبران، کراچی، لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور اور کوئٹہ میں وڈیو کانفرنس فیسیلیٹی بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں، برائے مہربانی وڈیو کانفرنس فیسیلیٹی کی اجازت کے لیے منسلکہ فارم پُر کریں اور اسے اجلاس عام کے انعقاد سے 7 دن قبل بینک کے رجسٹر شدہ پتے پر جمع کروادیں۔

اگر بینک اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کے لیے اُن ممبران سے اجازت نامہ حاصل کرتا ہے جو مجموعی 10% یا اس سے زائد کی شیئر ہولڈنگ رکھتے ہیں اور ایک جغرافیائی لوکیشن پر رہائش پذیر ہیں تو بینک اُس شہر میں وڈیو کانفرنس فیسیلیٹی کا انتظام کرے گا جو کہ اُس شہر میں اس سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔

بینک اجلاس عام سے کم از کم 5 دن قبل ممبران کو وڈیو کانفرنس فیسیلیٹی کے مقام کے بارے میں آگاہ کرے گا اور ساتھ ہی اس سہولت تک رسائی کے لیے اہم معلومات بھی فراہم کرے گا۔

## 3۔ پراکسی کی تقرری:

وہ ممبر جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہے وہ اس بات کا بھی اہل ہے کہ اپنی جگہ کسی اور ممبر کو شرکت اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی مقرر کردے۔ کارپوریشن بطور ممبر کسی کو بھی اپنی پراکسی مقرر کر سکتی ہے چاہے وہ اس کا کوئی آفیشل ہو یا کوئی اور شخص یا پھر وہ ممبر، بینک کا ہو یا نہ ہو۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز/قرارداد/اور پاور آف اٹارنی مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط (تاوقتیکہ وہ پہلے سے فراہم شدہ ہو) اجلاس کے وقت پیش کرنا ہونگے۔

مؤثر پراکسی کے لیے باقاعدہ پُر کیا ہوا اور دستخط شدہ پراکسی فارم بینک کے رجسٹرڈ آفس یعنی L-13، F-7 مرکز، اسلام آباد پر اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانا چاہیے۔

## 4۔ ممبران جو اپنے حصص سی ڈی سی میں جمع کرواچکے ہیں، انھیں سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ 2000 کے سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 میں درج گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا۔

اجلاس میں شرکت کے لیے:

i) انفرادی شخص کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کے رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز/قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط (تاوقتیکہ وہ پہلے سے فراہم شدہ ہو) پیش کیے جائیں گے۔

## 5۔ پتے میں تبدیلی:

ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی 74400 کو مطلع کریں۔

SILKBANK LIMITED